جلدی یعنی کیوٹانیئس لیشمانیاسیس **Cutaneous leishmaniasis**

پیش آگاہی : اس معلوماتی پرچہ کا مقصد صرف تعلیمی ہے۔ مہربانی فرماکر آپ اپنے ڈاکٹر یا کسی ماہر صحت سے یہ دیکھنے کے لیئے رجوع کریں کہ آیا یہ معلومات آپ کے بچے کے لیئے مفید ہیں ۔

جلدی یعنی کیوٹانیئس لیشمانیاسیس کیا ہے ؟

جلدی یعنی کیوٹانیئس لیشمانیاسیس (یعنی کالاآزار) ایک طریل عرصے تک جاری رہنے والی جلد کی وبائ بیماری ہے ، جو ایک طفیلی جرثومے لیشمانیا سے ہوتی ہے۔ یہ جلد پر پھوڑے یا کھرنڈ پیدا کرتی ہے۔

یہ کس طرح ہوتی ہے ؟

یہ کسی ریت یا بڑمکھی (ساحلی خون چوس مکھی) یعنی سینڈ فلائ کے کاٹنے سے ہوتی ہے ۔ یہ کسی متاثر بچّے یا بڑے سے دوسرے شخص کو منتقل نہیں ہوسکتی ۔ آسٹریلیا میں کوئ ریت مکھی نہیں ہوتی جس سے کہ یہ مرض لگ سکے ۔ وہ تمام بچّے جو آسٹریلیا میں جلدی یعنی کیوٹانیئس لیشمانیاسیس میں مبتلا پائے گئے ہیں انھیں یہ مرض سمندر پار یعنی افغانستان ، ایران یا پاکستان سے لگا ہے ۔

اسکا علاج کیا ہے ؟

بیماری کی معتدل صورت میں کسی علاج کی ضرورت نہیں، یہ خودبخود ٹھیک ہوجائے گی ۔ بہت زیادہ شدید حالت میں ہم اکثر منہ کے ذریعے فلوکونازول (گولی یا مشروب کی شکل میں) دے کر علاج شروع کرتے ہیں ۔ دیرپا بیماری کے لیئے دوسرے علاجوں میں جلد میں پھوڑے کے
اطراف بار بار انجکشن دینا یا (خون کی رگ میں) ڈرپ کے ذریعے دوا داخل کرنا ہیں ۔

اسکا علاج کتنا آسان ہے ؟

جلدی یعنی کیوٹانیئس لیشمانیاسیس ایک دیر تک رہنے والی بیماری ہے ۔ یہ سست رفتاری سے بڑھتی ہے اور اسکو ٹھیک کرنے کے لیئے علاج بھی سست رفتاری سے ہوتا ہے ۔ آخرکار تمام امراض کا کامیاب علاج ہوتا ہے ، لیکن جلد پر نشان رہ جاتے ہیں ۔

کیا جلد کے گھاؤ کو ڈھانک کر رکھنا ضروری ہے ؟

نہیں ۔ یہ زخم دوسروں کے لیئے متعدی نہیں ہیں ۔ جلد کے زخموں کو ڈھانک کر رکھنے سے وہ خشک نہیں ہو سکتے ۔

کیا میرا بچّہ اسکول جاسکتا ہے ؟

وہ بچّے جو جلدی یعنی کیوٹانیئس لیشمانیاسیس میں مبتلا ہیں ، دوسرے بچّوں کے لیئے چھوت کاخطرہ <u>نہیں</u> ہیں ۔ اس کیفیت کی وجہ سے کوئ وجہ نہیں کہ انھیں اسکول جانے سے
روکاجائے ۔ اگر اسکول اس بات کو سمجھ نہیں سکتا تو آپ کے ڈاکٹر بڑی خوشی سے اسکول کو فون کرسکتے یا لکھ سکتے ہیں ۔

یاد رکھیئے :

- لیشمانیاسیس متعدی نہیں
- بچّے حسب معمول اسکول جاسکتے ہیں
- زخموں کو صاف رکھیں
- دیرپا بیماری کے لیئے علاج کی ضرورت ہوگی

چلڈرنز اسپتال
ویسٹ میڈ
The Children's Hospital at Westmead
فون: (02) 9845 3585
فیکس: (02) 9845 3562
http://www.chw.edu.au/

سڈنی چلڈرنز اسپتال
رائنڈویک
Sydney Children's Hospital, Randwick
فون: (02) 9382 1688
فیکس: (02) 9382 1451
http://www.sch.edu.au/

کلیڈیسکوپ، ہنٹر
صحت اطفال نیٹ ورک
Kaleidoscope, Hunter Children's Health Network
فون: (02) 4921 3670
فیکس: (02) 4921 3599
www.kaleidoscope.org.au

© The Children's Hospital at Westmead, Sydney Children's Hospital, Randwick and Kaleidoscope – Hunter Children's Health Network- 2005-2007.